
حج میں پیش آنے والے

چالیس مسائل





از

مفتی مجد القدوس خبیب رومی صاحب
مفتی مظاہر علوم سہارنپور

باہتمام

شعبۂ نشر و اشاعت
مدرسہ اسعدیہ
رامپور منیہاران سہارنپور (یوپی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم اما بعد

حج ایک اہم مقدس فریضہ ہے۔ حجاج کرام حج بیت اللہ کے مسائل وارکان سے ناواقفیت کیوجہ سے کافی پریشانی اٹھاتے ہیں۔ کیونکہ کوئی صحیح رہنمائی کرنے والا بھی نہیں ملتا ہے اگر ارکان کی ٹھیک سے ادائیگی نہیں ہو پائی تو حاجی کا بہت ہی خسارہ ہے کہ کافی رقم بھی خرچ ہوگئی۔ اور حج کی فرضیت بھی ٹھیک سے ادا ہوئی کہ نہیں۔ اسکے پیش نظر کچھ اہم وضروری مسائل قابل توجہ ہیں۔ جوکہ سوالات کی صورت میں تحریر کئے ہیں حضرت مفتی صاحب کی خدمت میں مؤدبانہ التماس ہے کہ شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں جواب تحریر فرماویں تاکہ حجاج کرام کو آسانی ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ اسکو ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین

الحمد للہ احقر نے بھی متعدد بار حج کیا تو مجھے خود مشاہدہ

ہوا کہ حجاج کو طرح طرح کے حالات و مسائل سے دو چار ہونا پڑتا ہے۔ حق سبحانہ آپکی ہماری اس مساعی جمیلہ کو قبول فرما کر تمام حجاج کرام کے حج کو مبرور و مشکور فرمائے آمین۔

حاجی عاشق الٰہی

مدرسہ اسعدیہ، رامپور منیہاران

سہارنپور۔ یوپی۔ انڈیا

۲۰؍رجب المرجب ۱۴۲۳ھ

نوٹ: حج کے فائدے اور خوبیاں بے شمار ہیں ان کی تفصیل اگر دیکھنا چاہیں تو فضائل حج (مؤلفہ حضرت شیخ الحدیث مولانا الحاج محمد زکریا صاحب کاندھلویؒ) اور معلم الحجاج (از حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب اجراڑویؒ) کا مطالعہ کریں۔ مجتہد

سوال ۱- حج فارم ہر سال حج کمیٹی کی طرف سے جاری ہوتے ہیں فارم کی پُشت پر ایک حلفیہ مضمون لکھا ہوتا ہے اُسمیں یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ میں نے ۵ سال کے اندر حج نہیں کیا ہے۔ حالانکہ بہت سے حضرات جس میں علماء کرام بھی شامل ہیں ہر سال حج پر جاتے ہیں۔ قسم وغیرہ تو نہیں کھائی جاتی بلکہ کچھ شرائط ہیں۔ فارم پر حاجی کے دستخط ہوتے ہیں۔ کیا اس پر توریہ وغیرہ سے کام چل جائے گا

ج...... جھوٹی قسم کھانا اور جعلی حلف نامے پر دستخط کرنا تو گناہ اور ناجائز ہے۔ البتہ توریہ کی گنجائش ہے۔ مثلاً میں نے پانچ سال .. سے اپنا حج نہیں کیا ہے۔

سوال ۲- کچھ ہوائی جہازوں میں کام کرنے والا عملہ نماز پڑھنے کو منع کرتا ہے وضو کے لئے پانی وغیرہ کا بھی انتظام نہیں ہوتا۔ جیسے کیسے کر کے اگر کوئی باتھ روم میں وضو یا تیمّم کر کے نماز ادا کر لے۔ اب قیام گاہ پر جا کر یہ نمازیں لوٹائیں یا نہیں اور پوری پڑھی جائیں گی یا قصر؟

ج...... اگران نمازوں کولوٹانے کی شرعاً ضرورت ہوتو قصر پڑھی جائینگی (یہ سوال بعد میں کیا جائے کہ نماز کس طرح ادا کی گئی اسکا حکم اسی وقت بتایا جاسکتا ہے کہ نماز واجب الاعادہ ہوئی یا نہیں)

سوال ۳- ہوائی جہازوں میں کھانے میں گوشت بھی ملتا/ہے۔ مشہور یہ ہے کہ سعودی جہاز میں تو حلال گوشت ملتا ہے باقی میں مشکوک ہے۔ تو ایسی صورت میں کھانا چاہیئے یا احتیاط کرنی چاہیئے۔

ج...... جہاں مشکوک ہو وہاں نہ کھانا چاہیئے اسی میں احتیاط ہے

سوال ۴-طواف کرنے کے بعد جو نفل پڑھے جاتے ہیں مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھنا زیادہ ثواب ہے۔اگر وہاں نہ پڑھے گئے گھر پر یعنی مکہ مکرمہ میں جہاں حاجی قیام پذیر ہے نفل ادا کرلے واجب طواف ادا ہو جائیگا یا نہیں؟

ج......ادا ہو جائیگا۔

اس مسئلہ میں تفصیل یہ ہے۔

ہر طواف کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا واجب ہے اور یہ نماز مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھنا مستحب اور افضل ہے اور اس کے بعد اسی کے قریب، اس کے بعد کعبہ کے اندر اس کے بعد حطیم میں میزاب رحمت (پرنالہ بیت اللہ) کے نیچے اس کے بعد باقی حطیم میں اس کے بعد بیت اللہ کے قریب مقام جبرئیل ملتزم وغیرہ میں اس کے بعد مسجد حرام میں اس کے بعد حرم میں ان مقامات کے علاوہ پڑھنا اور تاخیر کرنا برا اور مکروہ ہے۔ اگر کسی نے مکہ مکرمہ میں یہ نماز نہ پڑھی تو اس کو ادا کرنا واجب ہے۔ ذمہ سے ساقط نہ ہوگا تمام عمر میں (کہیں بھی) ادا کر سکتا ہے۔

﴿اشرف المناسک ۱۳۳﴾

سوال ۵- ایک شخص ہے اسکے پاس کافی زمین جائداد ہے دکانیں بھی ہیں۔ نقد رقم نہیں ہے۔ بچیوں کی شادی کرنا بھی باقی ہے کیا

اس شخص کے ذمہ حج فرض ہے یا کوئی دکان زمین فروخت کرکے حج ادا کرے یا نقد رقم کا ہی انتظار کرے؟

ج...... اس کے ذمہ حج فرض ہے، حج کرنے کا (انتظار کرنے کے بجائے) انتظام کرنا واجب ہے۔

سوال ۶ - ایک شخص تھا جسکے پاس کافی زمین جائداد تھی اسپر حج فرض تھا وہ انتقال کرگیا۔ مرنے سے قبل وصیت بھی نہیں کی اسکے وارث اگر اسکا حج بدل کرائیں تو مرحوم کا حج ادا ہو جائیگا یا نہیں؟

ج...... اللہ تعالیٰ کے فضل سے امید ہے کہ مرحوم کا حج ادا ہو جائیگا۔

سوال ۷- مکہ مکرمہ میں مدرسہ والے کہتے ہیں کہ ایک ہزار ریال دیدو ہم حج بدل کرادیں گے اگر ۵۰۰ ریال دیدو تو نفلی حج کروائیں گے تو کیا ہندوستان والوں کا حج بدل ادا ہو جائیگا۔ یا آمر کی میقات سے ہی احرام باندھنا ضروری ہے؟

ج...... حج بدل میں آمر کی میقات سے احرام باندھنا شرعاً شرطِ

لازم ہے۔ اس لئے جو حج بدل فرض ہو اسکا حج وہاں سے ادا کرنے کی صورت میں ادا نہیں ہوگا۔ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ، اور حضرات اکابر مفتیان مظاہر علوم سہارنپور کا یہی فتویٰ رہا ہے) البتہ حج بدل نفلی یا محض ایصال ثواب کے لئے وہاں سے بھی ادا اور صحیح ہو جائیگا۔

سوال ۸- مستورات اپنے سر پر احرام کا کپڑا باندھتی ہیں اکثر عورتیں وضو کرتے وقت اس کپڑے پر ہی مسح کر لیتی ہیں کپڑے کے اوپر مسح صحیح ہو جائے گا یا کپڑا اتار کر مسح کریں؟

ج...... کپڑا سر سے ہٹا کر مسح کریں کپڑے کے اوپر مسح کرنے سے سر کا مسح نہیں ہوگا۔

سوال ۹- احرام کی نیت کر لینے کے بعد میقات سے قبل اپنے احرام کو افراد سے تمتع اور تمتع سے افراد میں تبدیل کر سکتے ہیں یا نہیں؟

ج...... نہیں۔

سوال ۱۰- بہت سے آدمی مکہ مکرمہ یا جدّہ طائف میں ملازمت کرتے ہیں اور وہ اپنے کام کی وجہ سے میقات سے اندر باہر آتے جاتے ہیں کیا وہ بھی ہر بار احرام باندھ کر مکہ مکرمہ میں داخل ہونگے اور عمرہ کریں گے یا نہیں؟

ج...... اس سلسلہ میں چار مسئلے لکھے جاتے ہیں تا کہ تفصیل معلوم ہو جائے (۱) اگر کوئی شخص مسلمان عاقل بالغ جو میقات سے باہر رہنے والا ہے اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہے خواہ حج وعمرہ کی نیت سے ہو یا اور کسی غرض سے میقات پر سے بلا احرام باندھے آگے گذر جائے گا تو گنہگار ہوگا۔ اور میقات کی طرف لوٹنا واجب ہوگا۔ اگر لوٹ کر میقات پر نہیں آیا اور میقات سے آگے سے ہی احرام باندھ لیا تو دم دینا واجب ہوگا اور اگر میقات پر واپس آکر احرام باندھا تو دم ساقط ہو جائے گا (۲) آفاقی (یعنی میقات سے باہر رہنے والا) میقات سے آگے کسی

ایسی جگہ جو حرم سے خارج ہے اور حل میں ہے کسی ضرورت سے جانا چاہتا ہے مکہ مکرمہ جانے اور حج یا عمرہ کرنے کی نیت نہیں ہے تو اس پر میقات سے احرام باندھنا واجب نہیں اور اس کے بعد وہ اس جگہ سے مکہ مکرمہ بھی بلا احرام جا سکتا ہے۔ اور اس پر کوئی دم وغیرہ نہیں ہے اس مقام پر پہنچ کر یہ شخص بھی اس جگہ کے لوگوں کے حکم میں ہو گیا وہاں آکر حج وعمرہ کا ارادہ کرے تو انکی میقات یعنی حل سے احرام باندھنا ہوگا (۳) آفاقی شخص اگر حرم میں یا مکہ مکرمہ مین بلا احرام کے داخل ہو جائے تو اسپر ایک حج یا عمرہ کرنا واجب ہو جاتا ہے اور اگر کسی مرتبہ بلا احرام کے داخل ہوا ہو تو ہر دفعہ کیلئے بلا احرام جانے کی وجہ سے ایک عمرہ یا حج واجب ہوگا۔ (۴) جو لوگ میقات کے رہنے والے یا میقات اور حرم کے درمیان رہتے ہیں اور اگر حج وعمرہ کے ارادے سے نہ جائے تو ان کیلئے احرام باندھ کر جانا ضروری نہیں ہے۔ بلا احرام کے مکہ مکرمہ میں داخل

ہو سکتے ہیں ایسے ہی وہ آفاقی جو حج وعمرہ کے بعد مقیم ہو گیا ہو وہ بھی انکے حکم میں ہے یا کوئی آفاقی شخص کسی ضرورت سے کسی جگہ حل میں اپنے وطن گیا اور وہاں سے مکہ مکرمہ کا ارادہ ہو گیا تو وہاں سے وہ مکہ مکرمہ بلا احرام جا سکتا ہے وہ اہل حل کے حکم میں ہے انکو بلا احرام مکہ مکرمہ میں داخل ہونا جائز ہے۔

سوال ۱۱- حرم شریف میں فرض نماز جماعت کیساتھ پڑھنے میں ایک لاکھ کا ثواب ملتا ہے۔ یا بغیر جماعت کے بھی یہی ثواب ملے گا۔ اگر حرم شریف میں جماعت نکل گئی تو نماز اپنے مقام پر ہی پڑھیں یا حرم شریف میں ہی پڑھیں؟

ج...... دونوں جگہ پڑھنے کی گنجائش ہے۔ حافظ منذریؒ نے کتاب الترغیب والترہیب میں حدیث شریف نقل کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حرم شریف کی ہر نیکی کا ثواب ایک لاکھ نیکیوں کے ثواب کے برابر ملتا ہے۔ البتہ کوشش کرنی چاہیئے کہ نماز با جماعت

حرم شریف ہی میں ادا کی جائے۔

سوال ۱۲- عورتوں کا نماز پڑھنا حرم شریف میں زیادہ افضل ہے یا عورتیں اپنی قیام گاہ پر نماز ادا کریں۔ اگر اپنی قیام گاہ پر نماز ادا کرتی ہیں تو آیا اسکو ثواب حرم شریف میں ادا کرنے کے برابر ملیگا یا نہیں؟

ج...... عورتوں کا اپنی قیام گاہ پر ہی نماز پڑھنا افضل ہے۔

سوال ۱۳- احرام کی حالت میں نمار پڑھتے وقت رکوع یا سجدے میں ہوا سے اڑکر اپنا یا کسی اور کا کپڑا سر پر رکھا گیا تو کیا جنایت لازم ہوگی یا نہیں؟

ج...... نہیں (کپڑا فوراً ہٹادینا چاہئے)۔

سوال ۱۴- ایک قافلہ آخری جہاز سے روانہ ہوا۔ اس میں چند مستورات بھی ساتھ ہیں میقات سے، مردوں عورتوں، نے تمتع کا احرام باندھ لیا۔ مکہ مکرمہ جا کر عمرہ کر کے مرد تو احرام سے نکل کر حلال ہو گئے، لیکن اس میں کچھ مستورات حائضہ ہو گئیں وہ اپنی قیام گاہ پر پاک ہونے کے انتظار میں تھیں ابھی تک پاک نہیں ہوئی تھیں کہ آٹھ ذی الحجہ آ گئی۔ حج کے احرام کا وقت آ گیا۔ اب یہ مستورات جنہوں نے عمرہ نہیں کیا حج کا احرام کیسے باندھیں۔ موجودہ احرام کو کیسے فسخ کریں۔ احرام توڑنے سے عمرہ فسخ کرنے سے دم لازم ہوگا یا نہیں؟

ج...... عمرہ کا احرام باندھنے کے بعد عمرہ ادا کئے بغیر اگر ایامِ حج شروع ہو گئے تو دم لازم ہوگا اب یہ مستورات حج کا احرام باندھ لیں اور جو کام اس حالت میں کر سکتی ہیں وہ کرتی رہیں۔ اور اگر حالتِ حیض میں عمرہ کا طواف کرے گی تو جرمانہ میں ایک دم

(بکری کی قربانی) لازم ہوگی اور اگر پاک ہونے کے بعد اعادہ کر لیں گی تو دم ساقط ہو جائیگا۔

سوال ۱۵- ایک حاجی آخری جہاز سے مکہ مکرمہ آیا، کسی وجہ سے اس پر دم واجب ہو گیا۔ اور قسمت کی بات ہے جو پیسہ اس کے پاس تھا وہ چوری ہو گیا۔ جیسا کہ لکھا ہے کہ جس کو وسعت نہ ہو عرفہ سے قبل تین روزے رکھے اور سات روزے اپنے گھر آکر رکھے۔ عرفات سے قبل روزے رکھنے کا وقت نہیں بچا۔ ایسا شخص قربانی اور دم کیسے کرے، اور کیسے حلال ہو؟

ج...... قرض وغیرہ لیکر دم دیدے (اس کو وسعت نہ ہو تو دوسرے حضرات اسکی مالی امداد کر دیں)۔

سوال ۱۶- طواف شروع کرتے وقت بیت اللہ کی طرف منہ کر کے حجر اسود سے نیت کر کے طواف شروع کرتے ہیں ایک یا دو شوط ہو جانے کے بعد نماز کے لئے جماعت کھڑی ہو جاتی ہے تو

اب بیت اللہ کی طرف منہ اور سینہ ہو جائیگا جبکہ مفتی شبیر صاحب مراد آباد اپنی کتاب ایضاح المناسک (ص ۱۹) پر تحریر فرماتے ہیں کہ بیت اللہ کی طرف سینہ یا پشت ہو جانے سے شوط ختم ہو جاتا ہے حجرِ اسود سے پھر شروع کرے ابھی شوط پورا نہیں ہو پایا تھا کہ جنازے کی نماز شروع ہو گئی تو پھر حجرِ اسود سے شروع کرے کافی جمِ غفیر ہوتا ہے واپس تو حجرِ اسود ہو نہیں سکتا پورا چکر لگا کر ہی پہنچے گا اور کئی چکر ہو گئے اس طرح حاجی کو کافی پریشانی اٹھانی پڑے گی جبکہ شریعتِ مطہرہ میں تنگی نہیں دی ہے۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت فرمائیں کہ کیا کیا جائے؟

ج...... وہاں نماز کے اوقات بالکل متعین ہوتے ہیں اذان، نماز اپنے مقررہ وقت ہی میں ہوتی ہیں اس لئے طواف کو شروع کرنے سے پہلے تحقیق کر لی جائے اور معلوم ہو جانے کے بعد ہی طواف کیا جائے جس سے یہ گڑبڑی پیدا نہ ہو۔ شریعتِ مطہرہ کی سہولت

اور آسانی کو نظم واہتمام سے اختیار کیا جائے تو یقیناً پریشانی نہ ہوگی

سوال ١٧- رمضان المبارک میں کچھ سفراء حضرات اور ملازمین انڈیا سے مکہ مکرمہ جاتے ہیں اور انکی واپسی شوال میں ہوتی ہے۔ سعودی حکومت ان کو حج کرنے کی اجازت نہیں دیتی کتابوں میں لکھا ہے کہ بعض علماء کے نزدیک بیت اللہ کی زیارت کرتے ہی حج فرض ہو جاتا ہے۔ شوال تو حج کا مہینہ ہے۔ ان کو حج کرنے کی وسعت بھی نہیں ہے ان کے لئے کیا حکم ہے؟

ج...... ایسا کرنا مکروہ ہے۔

سوال ١٨- معلم الحجاج میں حضرت مفتی صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں کہ حج بدل کرنے والے افراد کا ہی احرام باندھیں تمتع کا احرام باندھ کر حج خراب نہ کریں اس کی وضاحت فرمائیں کیا ہے؟

ج...... یہ حکم حجِ بدل اصطلاحی کا ہے۔ اور اگر یہ حجِ بدل نفلی یا غیر واجبی محض ایصال ثواب کیلئے ہو۔ تو اس میں تمتع کرنے میں کوئی

مضائقہ نہیں۔

سوال ۱۹- حج کرنے کے بعد عمرہ کرنا عبادت ہے۔ حاجی آج عمرہ کرتا ہے کل اپنی ماں کا کبھی اپنے باپ کا یا کسی اور عزیز کا عمرہ کرتا ہے احسن طریقہ کیا ہے۔ الگ الگ سے سب کے نام سے احرام باندھ کر عمرہ کرے یا ایک ہی عمرہ کر لے سب کو ثواب بخش دے؟ تحریر فرمائیں۔

ج...... اپنی وسعت و ہمت دیکھ لی جائے۔ دونوں صورتیں شرعاً جائز و درست ہیں۔

سوال ۲۰- بہت سے حاجی پریشانی کی وجہ سے قربانی کی رقم مدرسہ میں یا بینک میں جمع کر دیتے ہیں اور مدرسہ، بینک والے انکو ٹائم بتلا دیتے ہیں کہ اتنے بجے تمہاری قربانی ہو جائے گی اگر خدانخواستہ مقررہ ٹائم پر قربانی نہیں ہو پائی اور حاجی نے احرام کھول دیا تو کیا حکم ہے؟

ج...... اگر حاجی کو تحقیق سے معلوم ہو گیا کہ اس کی قربانی وقت مقررہ پر نہیں ہو سکی تو ایسی صورت میں اس پر دم لازم ہو گا۔

سوال ۲۱- ایک شخص اپنی رمی کسی اور سے کراتا ہے جبکہ یہ شخص اتنا معذور نہیں ہے کھڑے ہو کر نماز بھی پڑھتا ہے اور جمرات تک بھی جا سکتا ہے مگر دل میں ایک خوف و وحشت سی طاری ہوتی ہے بھیڑ بھاڑ سے گھبراتا ہے، رات کو آسانی سے رمی ہو سکتی ہے مگر دوسرے سے ہی رمی کراتا ہے تو کیا اسکی رمی ہو جائے گی یا نہیں؟

ج...... نہیں۔ اس پر خود رمی کرنا شرعاً واجب ہے، ورنہ دم لازم ہو گا

سوال ۲۲- حرم شریف میں نماز کے لئے جماعت کھڑی ہو جاتی ہے باوجود اس کے کہ عورتوں کا انتظام الگ ہے مگر پھر بھی عورتیں مردوں کے برابر اور آگے پیچھے صفوں میں کھڑی ہو جاتی ہیں۔ مرد مجبور ہو جاتا ہے اگر نماز توڑ کر بھی صف سے نکلنا چاہے تو نہیں نکل سکتا جمِ غفیر کی وجہ سے۔ ان حالات میں نماز کو دہرائیں یا کیا

کریں کیونکہ لکھا ہے کہ عورتوں کی محاذات سے مردوں کی نماز فاسد ہو جاتی ہے؟

ج...... جی ہاں، اس عورت کے دائیں، بائیں اور اسکے پیچھے کھڑے ہونے والے تین مردوں کی نماز فاسد ہو جائیگی۔ نماز کا لوٹانا واجب ہوگا۔

سوال ۲۳- زم زم شریف حرم شریف میں کھڑے ہوکر پیا جائے یا بیٹھ کر اور اپنے وطن میں بیٹھ کر ٹوپی پہن کر یا ننگے سر؟ پیارے نبی ﷺ کا کیا معمول تھا۔ ماءزم زم کا استعمال طہارت کے لئے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

ج...... زم زم کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر دونوں طرح پینا منقول وثابت ہے، اس میں حرم شریف اور اپنے وطن کی کچھ تخصیص نہیں ہے اور ٹوپی پہن کر یا ننگے سر ہونا بھی شرعاً لازم وضروری نہیں۔ البتہ حالت احرام میں مرد کو ننگے سر ہونا لازم وضروری ہے۔ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے ماء

زم زم کا استعمال طہارت کے لئے بلا کراہت جائز ہے لیکن رفع حدث کے لئے نہ کہ خبث و گندگی دور کرنے کے لئے، لہذا اس سے وضوو غسل تو کیا جاسکتا ہے استنجا نہیں کیا جاسکتا علامہ طحطاویؒ فرماتے ہیں کہ اس سے وضوو غسل دونوں ہمارے نزدیک جائز ہے بلکہ اس کا ثواب زیادہ ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے ماءزم زم سے استنجاء کیا تو ان کو باسورہ کی بیماری ہوگئی۔

(اعاذنا اللّٰہ منہا)۔

سوال ۲۴- جو حجاجِ کرام مکہ مکرمہ میں ۱۵ یوم کے قیام کی نیت کر لیتے ہیں وہ شرعی مقیم ہو جاتے ہیں۔ منیٰ، عرفات، مزدلفہ میں پوری نماز پڑھتے ہیں لیکن وہاں مصری لوگ کہتے ہیں قصر نماز ادا کرو پوری نماز پڑھنے والوں کو یہ کہہ کر مجبور کرتے ہیں کہ پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قصر نماز پڑھی تھی۔ انکو کیا جواب دیا جائے؟

ج...... ان کو یہ جواب دیا جائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسافر

تھے اس لئے قصر نماز پڑھی تھی۔ ہمارے مسلک میں قصر کا تعلق سفر

سوال ٢٥- حاجی نے تمتع کا احرام باندھا ہے مکہ مکرمہ میں عمرہ کر کے احرام کھول دیا ہے۔ مکہ میں قیام کئے ہوئے ہے۔ اس کے لئے ٧/ ذی الحجہ سے قبل عمرہ کرنا کیسا ہے؟

ج...... جائز، درست ہے (پورے سال کے اندر ٩ سے ١٣/ ذی الحجہ تک عمرہ کرنے کی ممانعت ہے)۔

سوال ٢٦- ایک شخص شروع کے جہاز سے مکہ مکرمہ پہنچا ١٢/ ذی الحجہ کو طوافِ زیارت کرلیا اور رمی وغیرہ سے بھی فارغ ہوگیا۔ ١٣/ ذی الحجہ کی شام کو اس کا جہاز ہے یہ شخص ١٣/ ذی الحجہ کی صبح احرام باندھ کر مسجد عائشہ جا کر عمرہ کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج...... یہ شخص طواف وداع کرلے جو اس پر واجب ہے (کیونکہ یہی اس کے لئے کافی ہے، ٩ سے ١٣ ذی الحجہ تک عمرہ کرنا مکروہ قرار دیا گیا ہے)۔

سوال ۲۷- لکھا ہے کہ بعض علماء کے نزدیک جدّہ میقات ہے۔ اب سوال ہے کہ دہلی یا یلملم سے احرام نہ باندھ کر کے جدّہ سے ہی احرام باندھ سکتے ہیں؟ جدّہ میقات ہے یا میقات سے باہر تحریر فرمائیں۔

ج......امداد الفتاویٰ ص ۱۵۱ کے حوالے سے فتاویٰ مظاہر علوم خلیلیہ ص ۱۶۶ میں جو لکھا ہے کہ اہل مدینہ کے لئے جدّہ ہی میقات ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر یہاں سے بحری جہاز کے مسافر عذر و مجبوری میں جدّہ پہنچ کر احرام باندھ لیں تو اس کی گنجائش ہے مگر ہوائی جہاز سے آنے والوں کے لئے یہ حکم نہیں ہے۔ کیونکہ ہوائی جہاز میقات سے گذرتا ہے جدّہ حرم کی حد سے باہر اور میقات کے اندر ہے۔

سوال ۲۸- سنا ہے کہ منیٰ میں حجاج قربانی کے لئے جاتے ہیں، مذبح خانے میں جانور کی قربانی مشین کے ذریعے سے ہوتی ہے

کھال بھی جانور کی مشین کے ذریعہ سے اتارتے ہیں۔ حاجی کو کہہ دیتے ہیں کہ قربانی ہو جائے گی کچھ رقم لیکر رسید کاٹ دیتے ہیں اگر حاجی گوشت لینا چاہے تو گوشت مل جاتا ہے۔ مشین کے ذریعہ سے ذبیحہ جبکہ تکبیر پڑھنے کا علم نہیں کہ پڑھتے ہیں یا نہیں اگر ایسا ہے تو قربانی درست ہوگئی کہ نہیں اور گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟ پہلے حجاج اپنے ہاتھ سے قربانی کرتے تھے اب سعودی حکومت نے ایسا قانون بنا دیا ہے تو اس میں کیا کیا جائے تحریر فرمائیں؟

ج......ایسا کرنا خلافِ احتیاط ہے علم وقانون کی روشنی میں حجاج کو احتجاج کرنا چاہیے۔

سوال ۲۹- مدینہ منورہ، مسجد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں آج کل کافی رش ہوتا ہے۔ حکومت کے آدمی حجاج کرام کو پیارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کے سامنے کھڑے ہونے نہیں دیتے ایسی بھیڑ کے

عالم میں خشوع و خضوع بھی کم ہوتا ہے۔ کسی نیک بزرگ آدمی کا کشف ہے کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مکشوف ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی سماعت عطا فرمائی ہے کہ مسجد نبوی میں کوئی شخص کسی بھی جگہ کھڑا ہو کر سلام پڑھتا ہے میں خود سے سنتا ہوں اور سلام کا جواب دیتا ہوں تو پھر کیوں تشویش میں پڑا جائے جہاں کہیں بھی نماز پڑھے وہاں سے سلام پڑھ دے یا سامنے جا کر ہی سلام پڑھے؟

ج...... جب رش زیادہ نہ ہو تو مواجہ شریفہ میں حاضر ہو کر سلام عرض کرے اور اگر اژدہام ہو تو جہاں سے ممکن ہو وہاں سے روضۂ شریف کی جانب رخ کر کے صلوٰۃ وسلام پیش کر سکتا ہے۔ درود وسلام تو جہاں سے بھی آپ پر پڑھیں گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر پہنچ جائے گا۔ البتہ قریب سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم خود سنتے ہیں دور سے فرشتے پہنچا دیتے ہیں۔ اس لئے اس کشف کی ضرورت نہیں۔ اور کشف

والہام پر شرعی احکام دائر نہیں ہوتے شرعی حکم کے لئے شرعی دلیل ہونی چاہئے۔

سوال ۳۰- مدینہ منورہ میں حجاج کرام کو ۸ یوم کے قیام کی اجازت ہوتی ہے۔ ۴۰ نمازیں مسجد نبوی (ﷺ) میں ادا کرنی مستحب ہیں ایک عورت حائضہ ہوگئی اور آٹھ دس یوم تک پاک نہیں ہوئی مسجد میں داخل نہیں ہوسکتی کیا اپنے محرم کے ساتھ مسجد نبوی (ﷺ) کے باہر جس سمت نبی پاک ﷺ کا چہرہ انور ہے یا کسی اور طرف سے سلام پڑھ سکتی ہے یا نہیں۔ کیونکہ وہ تو اپنے کو بہت ہی مایوس اور محروم سمجھتی ہے تسلی کے لئے تحریر فرمادیں کیا کرے۔

ج...... یہ عورت مسجد نبوی (ﷺ) کے باہر اقدام عالیہ کی جانب سے سلام عرض کرسکتی ہے۔

سوال ۳۱- منیٰ میں جگہ کی قلت کیوجہ سے خیمے منیٰ کی حد سے نکل کر مزدلفہ میں لگ جاتے ہیں۔ منیٰ میں قیام کرنا سنت ہے۔ ایسی

حالت میں مزدلفہ میں قیام کیے ہوئے حجاج کرام کی منیٰ میں قیام کی سنت ادا ہو جائیگی کہ نہیں؟

ج......اگر مجبوری کی وجہ سے منیٰ کی بجائے مزدلفہ میں قیام کرنا پڑے تو قصداً سنت ترک کرنے کا گناہ نہیں ہوگا۔ البتہ جو حجاج بسہولت منیٰ کی حدود میں اپنے قیام کا انتظام کر سکتے ہیں ان کو اس سنت سے محروم نہ ہونا چاہیے البتہ اس کا خیال رہے کہ انکی وجہ سے دوسروں کو تکلیف واذیت نہ ہو جو وہاں پہلے سے مقیم ہوں کہ اس صورت میں بجائے ادائیگی سنت کے ترک واجب کا گناہ یا ارتکاب حرام لازم ہو جائے گا۔

سوال ۳۲- ایک شخص طواف قدوم سے فارغ ہو کر سعی صفا سے شروع کرنے کے بجائے مروہ سے شروع کر کے سعی کے سات چکر پورے کر لئے یعنی سعی کا ایک چکر پورا ہوتا مروہ پر اس نے صفا پر پورا کیا۔ فارغ ہو کر قیام گاہ پر پہنچا تو معلوم ہوا کہ یہ غلط کیا

یہ سعی ٹھیک ہوگئی یا دوبارہ کرے؟ جواب مرحمت فرمائیں۔
ج......سعی کو صفا سے شروع کرنا اور مروہ پر ختم کرنا واجب ہے لہذا یہ سعی درست نہیں ہوئی دوبارہ کرنا ضروری ہے، ورنہ دم لازم ہوگا
سوال ۳۲-۱۰ ر کی رات کو مزدلفہ میں قیام رہا لیکن صبح صادق سے قبل مزدلفہ سے نکل گیا یہ سمجھا کہ صبح ہوگئی جبکہ وقت نہیں ہوا تھا۔ رمی منیٰ میں جا کر جمرۂ عقبہ کرنے کے بعد مسئلہ معلوم ہوا کہ صبح صادق کے بعد وہاں کا قیام واجب تھا اس صورت میں کیا اس پر دم واجب ہے یا نہیں؟
ج......مزدلفہ میں عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر صبح صادق تک ٹھہرنا سنت موکدہ ہے اور صبح صادق کے بعد مزدلفہ کا وقوف واجب ہے اگرچہ تھوڑی سی دیر ہو اس وقت سے پہلے وقوف مزدلفہ کا اعتبار نہیں ہوگا لہذا اگر وہ صبح صادق سے پہلے ہی مزدلفہ سے نکل جائے تو دم واجب ہوگا، البتہ عورت، مریض، کمزور آدمی اور بچے اگر

ہجوم کی وجہ سے پہلے چلے گئے تو دم واجب نہیں ہوگا۔

سوال ۳۴- منیٰ کے قیام کے دوران ۱۱، ۱۲ر کنکری بڑے شیطان سے شروع کرکے چھوٹے پر ختم کی یہ بھول اسلئے ہوئی کہ ۱۰ کی رمی کے وقت تو دونوں شیطانوں پر پولس کا پہرہ ہوتا ہے اور ۱۱، ۱۲ر کو پہرہ وغیرہ کچھ نہیں ہوتا۔ اسلئے الٹی رمی ہوگئی کیا رمی صحیح ہوگی یا دم وغیرہ دیں؟

ج...... اگر رمی دوبارہ کرسکتا ہو ترتیب وار کرلے البتہ دم لازم نہیں

سوال ۳۵- حج بدل پر ایک شخص گیا وہاں جاکر بیمار ہوگیا علاج میں کافی رقم خرچ ہوگئی علاج میں مامور کا جو خرچہ ہوا وہ آمر پر واجب ہے یا مامور پر ہے؟

ج...... اگر آمر نے اجازت دی ہو تو علاج معالجہ اسکے روپیہ سے کرسکتا ہے ورنہ اپنا خرچ کرے بہتر یہ ہے کہ آمر سے ہر چیز میں خرچ کرنے کی اجازت پہلے ہی لے لے تا کہ یہاں تنگی اور وہاں

مواخذہ نہ ہو۔ البتہ یہ ضرور خیال رہے کہ جو نفقہ حج کے لئے دیا ہو آمر مامور کو بخشش نہ کرے کیونکہ وہ پھر مامور کی ملک ہو جائے گا اور اس سے آمر کا حج جائز نہ ہو گا۔

سوال ۳۶ - سفر حج میں شوہر بیوی حج میں تھے شوہر نے طلاق دیدی یا انتقال ہو گیا یہ عورت کیسے عدت پوری کرے جو سفر میں وقت گذر جائیگا یہ دن عدت میں شمار ہونگے یا نہیں؟

ج.... یہ عورت اگر قانونی مجبوری کی وجہ سے وہاں عدت نہیں کرسکتی تو فرائض، واجبات ادا کرے ــــــ اس کا جو وقت سفر میں گذریگا وہ عدت میں شمار ہوگا

سوال ۳۷ - حضرت مفتی صاحب ایک بات احقر برابر سوچتا ہے اپنی حیات میں حرم شریف کی توسیع ہو کر بہت بڑی ہو گئی مسجد نبوی ﷺ کی توسیع بھی بہت ہو گئی، منیٰ کا میدان توسیع ہو کر مزدلفہ میں خیمے لگنے لگے اسطرح انسانوں کی تعداد تو بڑھ رہی ہے عرفات کا میدان بھی ایک حدود پر مشتمل ہے آج موجودہ عرفات کے میدان

سے باہر اگر کوئی وقوف کریگا تو وقوف صحیح نہ ہوگا، حج فرض ہی ادا نہ ہوگا۔ آئندہ اگر یہ میدان قیام کرنے وقوف کرنے میں ناکافی ہو جائے حکومت اسکی توسیع کرے کیا شریعت مطہرہ اس میں حجاج کرام کے وقوف کو صحیح قرار دیگی منیٰ کے قیام کی تو اسلئے بھی گنجائش سی معلوم ہوتی ہے کہ منیٰ کا قیام مسنون ہے لیکن عرفات کا وقوف تو فرض ہے اسکا کیا ہوگا؟ اس کو بھی شریعت کے دائرہ میں حل فرماویں تاکہ آگے سہولت ہو۔

ج...... جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے حج فرض کیا ہے انکے لئے انشاء اللہ تعالیٰ قیامت تک عرفات کا میدان ناکافی نہیں ہوگا (چنانچہ محققین نے فرمایا ہے کہ حرم کی مثال رحم کی سی ہے کہ بچہ خواہ کتنا ہی بڑا ہو مگر رحمِ مادر میں سما جاتا ہے اسی طرح واقعی حجاج چاہے جتنے ہوں مگر سب حرم میں آجاتے ہیں۔ اس کے لئے آپ بالکل پریشان اور فکرمند نہ ہوں۔ **عرفات کے باہر وقوف معتبر نہ ہوگا۔**

سوال ۳۸- پہلی رمی جو ۱۰ ر تاریخ کو ہوتی ہے اس کا وقت کب سے کب تک ہے اس کے متعلق شرعی ہدایت تحریر فرمادیں؟

ج...... ۱۰ ر ذی الحجہ کو پہلی رمی کا وقت صبح صادق سے ۱۱ کی صبح صادق تک ہے افضل وقت زوال سے قبل ہے، زوال کے بعد سے غروب تک جائز وقت ہے اور غروب کے بعد سے صبح صادق تک مکروہ ہے مگر اس وقت بھی رمی کرنے سے دم وغیرہ لازم نہیں ہوگا البتہ بیماروں، کمزوروں، عورتوں کیلئے غروب کے بعد بھی رمی کرنا مکروہ نہیں اس لئے دن میں جب بہت زیادہ رش ہو اس وقت وہاں ہلاکت کا خطرہ اور اندیشہ رہتا ہے اس لئے اگر ایسا موقع ہو تو غروب آفتاب کے بعد رمی کرنا بلا کراہت جائز قرار دیا گیا ہے

سوال ۳۹- مزدلفہ میں وقوف کا وقت کب سے کب تک ہے؟

ج...... وقوف مزدلفہ کا وقت دسویں ذی الحجہ کو طلوع صبح صادق کے بعد سے طلوع آفتاب سے پہلے تک رہتا ہے۔

سوال ۴۰۔ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں چالیس نمازیں با جماعت پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟ اخیر میں مکہ معظّمہ و مدینہ منورہ سے متعلق کوئی مختصر و جامع ہدایت تحریر فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

ج...... مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک نماز ایک روایت حدیث کے مطابق پچاس ہزار نمازوں کے برابر (ثواب رکھتی) ہے اور دوسری حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص میری مسجد (نبوی) میں چالیس نمازیں مسلسل پڑھیگا کہ ان میں سے ایک نماز بھی فوت نہ ہوئی ہو اس کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تین قسم کی برأت کا اعلان ہے، ۱۔ (آخرت میں) جہنم سے حفاظت، ۲۔ (دنیا میں) عذابِ الٰہی سے حفاظت۔ ۳۔ نفاق سے حفاظت ہوگی

دونوں جگہ تمام گناہوں سے، اور دنیاوی امور میں لڑنے جھگڑنے سے مکمل پرہیز کیا جائے۔ بلا ضرورت بازار جانے سے بالکل بیزار رہے بدنگاہی، بدگمانی، اور بدزبانی سے کلیۃً اجتناب کرے۔